SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

April 6, 2018

***For immediate release***

## لسٹڈ کمپنیوں کے شئیر ہولڈروں کو پینتالیس دن میں بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات جمع کروانے کی ہدایت

اسلام آباد (اپریل 6 ) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے تمام شئیر ہولڈروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات پینتالیس دن کے اندر اندر اپنی کمپنیوں کو فراہم کریں تا کہ کمپنیاں ان کے شئیر پر ہونے والے نقد منافع کو الیکٹرانک ذریعے سے ان کے کردہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر سکیں۔اس سلسلے میں نوٹیفی کیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے پینتالیس دن کی مدت کمپنیز کے ڈیوڈنڈ کی تقسیم کے ضوابط 2017 کے ذیلی ضابطہسات کے تحت متعین کی گئی ہے۔اس ذیلی ضابطہ کے مطابق ایس ای سی پی اس مدت کا تعین کرے گا جس میں لسٹڈ کمپنیوں کے شئیر ہولڈر منافع کی الیکٹرانک تقسیم کے لئے مذکورہ کمپنی کو بینک کا نام، اکاؤنٹ نمبر، برانچ کا پتہ اور اپنے انٹر نیشنل اکاؤنٹ نمبر کی تفصیلات فراہم کریں گے۔بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی فراہمی کے لئے یہ دی گئی یہ مدت اٹھارہ مئی کو ختم ہو جائے گی۔

نوٹیفیکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ ایس آر او میں دی گئی 45 دن کی مدت کمپنیوں کے شئیر ہولڈروں کے لئے ہے جن کو اپنی بینک کی تفصیلات مزکورہ لسٹڈ کمپنی کو لازمی فراہم کرنی ہیں۔ اس متعین مدت کا کمپنیوں کے لئے شئیر ہولڈروں کو منافع کی ادائیگی کے لئے مقرر 15 دن کی مدت سے کوئی تعلق نہیں اور کمپنیاں اپنے شئیر ہولڈروں کو ریگولیشن 3 کے تحت دیوڈنڈ کے اعلان کے بعد پندرہ دن میں منافع کی ادائیگی کرنے کی پابند ہیں۔

یہ وضاحت ضروری ہے کہ کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 243 اور ڈیوڈنڈ کی تقسیم کے ریگولیشنز کی شق 6 میں پہلے ہی اس صورت حال کو واضح کر دیا گیا ہے جن میں کمپنیاں کمیشن کی منظوری کے بغیر ہی شئیر ہولڈر کو ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روک سکتی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005